# شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ

## 56۔ بند روڈ، لاہور

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ کے تمام حصص کنندگان کو بذریعہ نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا ایک غیر معمولی اجلاس عام بروز جمعرات 22 جون 2023ء بوقت 10:30 بجے صبح بمقام کمپنی رجسٹرڈ آفس، 56 بند روڈ، لاہور میں اور بذریعہ ویڈیو لنک مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**(الف) عمومی امور پر کاروائی**

1) کمپنی کے آخری سالانہ اجلاس عام منعقدہ 24 اکتوبر 2022ء کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

2) 28 جون 2023ء کو شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 159 (1) کی تعمیل میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقررہ تعداد کے مطابق نو (9) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ جناب منیر نواز
۲۔ جناب ایم نعیم
۳۔ جناب عابد نواز
۴۔ جناب راشد امجد خالد
۵۔ محترمہ مناہل شاہ نواز
۶۔ جناب شاہد حسین جتوئی
۷۔ جناب عبدالحمید احمد ڈاگیا
۸۔ جناب نعمان خالد

**(ب) خصوصی امور پر کاروائی**

3) کمپنی کے کل وقتی ڈائریکٹرز صاحبان اور چیف ایگزیکٹو کی تنخواہوں کی منظوری پر غور وخوض کرنا۔

4) QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی بیانات کی ترسیل پر غور وخوض کرنا۔

**ج) دیگر امور پر کاروائی**

5) صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر کاروائی کرنا۔

**کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3) 166 اور دفعہ (3) 134 کے تحت اہم حقائق کا بیان**

سیکشن (3) 166 کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار سے متعلق بیان اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3) 134 کے تحت درکار اہم حقائق کا بیان آئیٹمز نمبر 3 سے 4 کے متعلق حصص یافتگان کو اس اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ بذریعہ ڈاک ارسال کیا جارہا ہے۔

لاہور:
01 جون 2023ء

حسب الحکم بورڈ
خرم بابر
کمپنی سیکرٹری

**نوٹس:۔**

**1) حصص منتقلی کتب کی بندش**

کمپنی کے حصص کنندگان کا رجسٹر 15 جون سے 22 جون، 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کارپلنک پرائیویٹ لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو 14 جون 2023 کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی ٹرانسفر اجلاس میں حاضری کی اہلیت کے لیے بروقت تصور ہونگی۔

**2) ڈائریکٹرز کا انتخاب**

کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا/ چاہتی ہو خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، مندرجہ ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے چودہ (14) یوم قبل جمع کریں گے۔

i) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے دفعہ 159 کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب کیلئے اپنی خواہش کے اظہار کا بیان۔

ii) اس بات پر رضامندی کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 167 (1) کے تحت مکمل پُر کئے ہوئے فارم 28 میں بیان کردہ ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرنے پر آمادہ ہے۔

iii) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے ایس آر او 2019/(1)/1196 بتاریخ 03 اکتوبر 2019ء کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر اندراج کے لئے تفصیلی کوائف معہ دفتر کا پتہ۔

iv) سی این آئی سی/ پاسپورٹ اور نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی تصدیق شدہ کاپی۔

v) فولیو نمبر/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/ سی ڈی سی شریک آئی ڈی نمبر/ سب اکاؤنٹ نمبر۔ ممبر کو ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے موقع پر کمپنی کے مقررہ شیئرز کا حامل ہونا چاہیے۔ ایکٹ کی دفعہ 153 (ا) کے تحت درج شدہ افراد پر مندرجہ بالا کا اطلاق نہیں ہوگا۔

vi) دیگر ڈائریکٹرشپ اور عہدوں کی تفصیلات۔

vii) امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق دفعات/ مطلوبات کو پڑھیں جو کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019ء دیگر قابل اطلاق قوانین وضوابط میں بیان ہیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسکی تکمیل اسی انداز اور جذبہ سے ہو۔

vii) دستخط شدہ ڈیکلریشن کہ

(ا) وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء، میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوی ایشن آف کمپنی، رول بک آف پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019ء اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضابطوں کے تحت ڈائریکٹرز کی ذمہ داریوں اور فرائض سے آگاہ ہیں۔

(۲) وہ بیک وقت سات (7) سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر جس میں متبادل ڈائریکٹر بھی شامل ہے، خدمات انجام نہیں دے رہا/ رہی ہے۔

(۳) وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے دفعہ 153 اور کسی دوسرے قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لئے نا اہل نہیں ہے۔

viii) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشن 2019ء کی دفعہ 6(3) کے تحت انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر کا دستخط شدہ ڈیکلریشن اور نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر دستخط شدہ حلفنامہ کہ وہ کمپنی (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر) ریگولیشنز 2018ء کے ریگولیشن 4 کے سب ریگولیشن (ا) کے تحت اہلیت کے حامل ہیں۔

**3) اجلاس عام میں شرکت**

غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار حصص کنندہ کسی دوسرے حصص کنندہ کو بطور پراکسی مقرر کرنے کا اہل ہے۔ کارپوریٹ ادارہ، حصص کنندہ ہونے کی صورت میں بورڈ ریزولیشن/ پاور آف اٹارنی کے ذریعہ اپنے کسی عہدیدار یا کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی تقرری فارم، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئرز رجسٹرار کے دفتر میں یا بذریعہ ای میل meetings@shezan.com پر میٹنگ سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہونا چاہیے۔

**4) اجلاس عام میں شرکت کرنے والے سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے رہنما اصول**

CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو 26 جنوری 2000ء کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ مراسلہ 1 میں بیان کردہ ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔

**(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے**

(i) افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا کوئی ایسا فرد جس کی حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات باضابطہ طور پر درج ہیں اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC/SNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھائے گا۔

(ii) کارپوریٹ شناخت کے معاملے میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی جس پر نامزد کے دستخط کے نمونے ہوں پیش کریں (اگر پہلے پیش نہ کی گئی ہو)۔

**(ب) پراکسی کے تقرر کیلئے**

(i) افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا کوئی ایسا فرد جس کی حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات باضابطہ طور پر Uploaded ہیں مندرجہ بالا شرائط کے مطابق مختار نامہ جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو (2) گواہوں کے دستخط ہوں گے جن کے نام اور پتے اور (CNIC/SNIC) نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) مختار نامہ کے ہمراہ اکاؤنٹ ہولڈر اور پراکسی کے (CNIC/SNIC) یا اصل پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہوں۔

(iv) پراکسی ہولڈر اپنا اصل (CNIC/SNIC) یا اصل پاسپورٹ بوقت اجلاس پیش کرے گا۔

(v) کارپوریٹ شناخت کے معاملے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ (نامزد فرد کے) دستخطوں کے نمونے کے پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوگی (اگر اس سے قبل پیش نہ کی گئی ہو)۔

**5) پتے میں تبدیلی**

حصص کنندگان سے التماس ہے کہ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار، کارپلنک پرائیویٹ لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو فوری طور پر مطلع کریں۔

**6) پوسٹل بیلٹ/ ای- ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے مطابق اجلاس عام میں کسی بھی ایجنڈا آئٹم کی منظوری کے مقصد کیلئے ارکان کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء میں موجود شرائط اور طریقے کے مطابق ڈاک کے ذریعے ووٹنگ یا ای ووٹنگ ہے۔

**7) ویڈیو کانفرسنگ کی سہولت کے ذریعہ شرکت**

اجلاس عام میں شرکت میں دلچسپی رکھنے والے حصص کنندگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نام، سی این آئی سی نمبر، فون نمبر، فولیو نمبر اور ای میل ایڈریس مقررہ ای میل ایڈریس meetings@shezan.com پر اجلاس سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے پہلے بھیج کر اپنی رجسٹریشن کو یقینی بنائیں اجلاس عام میں شرکت کیلئے لاگ ان کی تفصیلات اور زوم لنک رجسٹرڈ حصص کنندگان کو جوابی ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ مندرجہ بالا مطلوبات کے تحت ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ حصص کنندہ کو کمپنی کی طرف سے جوابی ای میل کے ذریعے پاس ورڈ سے محفوظ ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ مذکورہ لنک اجلاس عام کی تاریخ کو صبح 10:15 بجے سے میٹنگ کے اختتام تک کھلا رہے گا۔

**8) ویب سائٹ پر دستیابی**

کمپنی نے نوٹس غیر معمولی اجلاس عام بمعہ پراکسی فارم اپنی ویب سائٹ www.shezan.com پر چسپاں کردیا ہے۔